PDMA
Provincial Disaster Management Authority
Sector B-2 Phase-V Hayatabad, Peshawar, Khyber Pakhtunkhwa.
Phone: (091) 9219635, 9219636 Fax: (091) 9219637
www.pdma.gov.pk

پی ڈی ایم اے اپڈیٹس:

مورخہ 5 اکتوبر 2026

مون سون موسمی انتباہ [ایڈوائزری]

پریس ریلیز

خیبر پختونخوا کے بیشتر اضلاع میں آج شام/رات سے 7 اکتوبر تک بارش، آندھی، گرج چمک اور ژالہ باری کا امکان، پی ڈی ایم اے کی متعلقہ اداروں کو پیشگی اقدامات کی ہدایت

پشاور: پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) خیبر پختونخوا نے صوبے کے مختلف اضلاع میں بارش، تیز ہواؤں، گرج چمک اور بعض مقامات پر ژالہ باری کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے اور پیشگی حفاظتی اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔

محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی ہواؤں کا سلسلہ بالائی علاقوں میں داخل ہونے کا امکان ہے، جس کے زیر اثر آج رات سے 07 اکتوبر تک چترال، دیر، سوات، شانگلہ، بونیر، ملاکنڈ، باجوڑ، کوہستان، کولئی پالس، بٹگرام، تورغر، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور، مردان، صوابی، خیبر، مہمند، پشاور، چارسدہ، نوشہرہ، کوہاٹ، کرم، ہنگو، اورکزئی، کرک، بنوں، لکی مروت، ڈی آئی خان، ٹانک اور شمالی و جنوبی وزیرستان سمیت مختلف علاقوں میں بارش، آندھی اور گرج چمک جبکہ بعض مقامات پر ژالہ باری کا امکان ہے۔

پی ڈی ایم اے کے مطابق تیز ہواؤں، ژالہ باری اور آسمانی بجلی کے باعث کچے اور کمزور مکانات، بجلی کے کھمبوں، بل بورڈز، گاڑیوں اور سولر پینلز کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ اس دوران دن کے درجہ حرارت میں 2 سے 4 ڈگری سینٹی گریڈ کمی بھی متوقع ہے۔ پی ڈی ایم اے نے ضلعی انتظامیہ کو حساس علاقوں میں پیشگی اقدامات، اہم اور رابطہ سڑکیں کھلی رکھنے، نکاسی آب کے نظام کی صفائی، دریاؤں، ندی نالوں اور برساتی نالوں کی مسلسل نگرانی اور ریسکیو 1122 سمیت دیگر متعلقہ اداروں کو الرٹ رکھنے کی ہدایت کی ہے۔

سیاحوں اور مسافروں کو موسم اور سڑکوں کی صورتحال کو مد نظر رکھتے ہوئے غیر ضروری سفر سے گریز کرنے، جبکہ پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ اور اچانک پانی کے بہاؤ کے خطرے کے پیش نظر خصوصی احتیاط برتنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ کسانوں کو بھی فصلوں کے تحفظ کے لیے ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ گرج چمک اور تیز ہواؤں کے دوران محفوظ مقامات پر رہیں، بجلی کے کھمبوں، بل بورڈز اور کمزور تعمیرات سے دور رہیں اور برساتی نالوں یا پانی سے بھری سڑکوں کو عبور کرنے سے گریز کریں۔

پی ڈی ایم اے کا صوبائی ایمرجنسی آپریشن سنٹر صورتحال کی *چوبیس گھنٹے نگرانی* کر رہا ہے۔ کسی بھی ہنگامی صورتحال یا معلومات کے لیے پی ڈی ایم اے کی ٹول فری ہیلپ لائن *1700* پر رابطہ کیا جا سکتا ہے

ترجمان پی ڈی ایم اے، خیبر پختونخوا